| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: _______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |
| --- | --- |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آب و ہوا کی تبدیلی پر گلوبل وارمنگ (Global warming) کے اثرات بیان کر سکیں۔
- قدرتی آفات کی شناخت کر سکیں وار انسانی زندگی پر ان کے اثرات بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- موسم اور آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کے بارے میں بتائیں۔

طلبہ کو باری باری جواب دینے میں حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو 68 تا 69 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو ''گلوبل وارمنگ'' کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ گلوبل وارمنگ سے مراد انسانی سرگرمیوں اور تجربات کے باعث قدرتی ماحول میں ہونے والی منفی تبدیلیاں ہیں۔ انھیں کوئلہ کی مثال دیں کہ پاکستان سمیت دنیا کے کئی ممالک میں کوئلے کو توانائی حاصل کرنے کے لیے جلایا جاتا ہے جو ماحولیاتی مسائل کی ایک بڑی وجہ ہے۔
- انھیں بتائیں کیسے درجہ حرارت بڑھنے کے باعث کرہ ارض پر قائم حفاظتی غلاف (OZON LAYER) میں سوراخ پیدا ہو گیا ہے۔ انھیں بتائیں کہ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے سورج کی مضر شعاعیں زمین کی سطح تک پہنچ کر درجہ حرارت میں اضافے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی کا سبب بن جاتی ہیں۔
- انھیں متن کی مدد سے ان مضر اثرات کو کم کرنے کے لیے چند اقدامات کے بارے میں بتائیں اور ان کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو چند ایسی اشیا کی مثالیں دیں جنھیں دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ طلبہ کو recycling کا مطلب بتائیں۔

- انھیں فلیش کارڈز کی مدد سے recycling کی کچھ چیزیں دکھائیں۔ انھیں مثال کے طور پر پلاسٹک کی بڑی بوتلوں کا حوالہ دیں کہ انھیں کاٹ کر ان پر کلر کر کے ان میں پھول اور سبزیاں اگائی جاتی ہیں۔ پرانے کاغذ کا گتہ بنتا ہے اور پلاسٹک بیگز بنانے یا پلاسٹک کا سامان تیار کرنے کے کام آجاتے ہیں۔ اس طرح ہر استعمال شدہ چیز کا کوئی نہ کوئی حل مل جاتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے متن کے حوالے سے دیے گئے مشقی سوالات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
| --- | --- |
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ♦ قدرتی آفات کی شناخت کر سکیں اور انسانی زندگی پر ان کے اثرات بیان کریں۔
- ♦ سیلاب اور زلزلے کی صورتوں میں احتیاطی تدابیر تجویز کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ♦ قدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟
- ♦ چند قدرتی آفات کے نام بتائیں۔

سب طلبہ کو باری باری بولنے کا موقع دیں۔ ان کی بات توجہ سے سنیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 70 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں ایسے قدرتی عوامل اور فطری واقعات جو انسانی اور دوسرے جانداروں کے لیے نقصان کا باعث ہوں، قدرتی آفات کہلاتے ہیں۔
- انھیں متن کی مدد سے زلزلے کی وجوہات اور ان کے باعث ہونے والے نقصانات بتائیں۔ انھیں بتائیں پاکستان میں 8 اکتوبر 2005ء میں آنے والے خوفناک زلزلے نے پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا۔ اس کے نتیجے میں 80،000 سے زیادہ افراد جاں بحق ہوئے۔
- طلبہ کو متن کا حوالہ دے کر احتیاطی اقدامات بتائیں۔ کمرا جماعت میں فرضی مشقیں کرائی جائیں۔ تاکہ طلبہ عملی طور پر آگاہ ہو سکیں۔
- سبق میں آیئے! ''مزید جانیں'' کے عنوان کے تحت دیئے گئے جملے پڑھیں اور ان کی وضاحت کریں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سے مشق جزو (۱) کا سوال (۳) اور (۴) کا جواب پوچھیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

مشق میں دیے گئے سوال (۲) کے مختصر سوالات طلبہ اپنی کاپیوں پر لکھیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ♦ قدرتی آفات کی شناخت کر سکیں اور انسانی زندگی پر ان کے اثرات بیان کر سکیں۔
- ♦ سیلاب اور زلزلے کی صورت میں احتیاطی تدابیر تجویز کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ سبق "موسم اور آب و ہوا" پڑھیں گے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- ♦ آب و ہوا پر انسانی سرگرمیوں سے ہونے والے اثرات اور ان کی روک تھام کے لیے چند اقدامات پوچھیں۔

سب طلبہ کو باری باری بولنے کا موقع دیں۔ ان کی بات توجہ سے سنیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 71 سے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ سے "قدرتی آفات" کا مطلب پوچھیں۔
- انھیں متن کی مدد سے سیلاب آنے کی وجوہات اور ان کے باعث ہونے والے نقصانات کی وضاحت کریں۔
- انھیں بتائیں کہ سیلاب کیوں آتے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے ہونے والی ان تبدیلیوں کے باعث ہمیں بہت سی مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جیسا کہ زمین کے درجہ حرارت کے باعث برفانی تودے تیزی سے پگھلنے لگتے ہیں اور نتیجتاً سیلاب کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ متن کا حوالہ دیتے ہوئے طلبہ کو سیلاب کی صورت میں احتیاطی تدابیر کی پڑھائی کروائیں اور انھیں حفاظتی اقدامات کے بارے میں آگاہ کریں۔

**اعادہ** 3 منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 5 منٹ

مشق میں طلبہ سے سوالات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔